www.understnadquran.com

اس کتاب کو کیسے استعمال کریں

کتاب کے بارے میں :

حصہ چہارم پر مشتمل اس کتاب سے یہ نتیجہ مطلوب ہے کہ طلبہ روزانہ پڑھی جانے والی نمازوں کو اور قرآن مجید کے ۵۰ فیصد الفاظ کو سمجھ سکیں۔اس طرح سے طلبہ پانچ وقت کی نمازوں میں اپنی توجہ اور دھیان کو مزید بہتر بنانے کے اور ساتھ ہی ساتھ قرآن مجید کو اور بہتر طور پر سمجھنے کے قابل ہوں گے۔یہ نتیجہ ان مراحل کے ذریعہ حاصل ہوگا:

- نماز میں بار بار پڑھی جانے والی سورتیں اور اذکار کا لفظی ترجمہ
- مکمل جسمانی تعامل یعنی TPI (Total Physical Interaction) کا استعمال کرتے ہوئے بنیادی عربی گرامر

یہ کتاب ان طلبہ کو پڑھائی جاسکتی ہے جو "آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" کا حصہ اول اور حصہ دوم پڑھ چکے ہیں یا تجوید کا کوئی اور کورس مکمل کرچکے ہیں۔

یہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے :

- حصہ اول: "آؤ قرآن سمجھیں آسان طریقے سے نماز کے ذریعہ"
- حصہ دوم: بنیادی عربی گرامر مع عربی بول چال
- حصہ سوم: اسلامیات

حصہ اول : سبق-1 تا سبق-30: آؤ قرآن سمجھیں آسان طریقے سے، نماز کے ذریعے۔اس میں نماز میں پڑھے جانے والے عربی الفاظ اور ان کا لفظی ترجمہ سکھایا جاتا ہے۔ہر سبق میں یہ اجزاء شامل ہیں: سبق سے حاصل ہونے والے نتائج، آیات واحادیث کا لفظی ترجمہ و مختصر تشریح، مضمون سے متعلق کوئی قصہ اور کوئی ایک حدیث، تصور واحساس، تدبر وتذکر اور عنوان سے متعلق کوئی عادت اور مشقی سوالات۔

حصہ دوم: سبق:1 تا سبق:20 میں بنیادی عربی گرامر اور عربی بول چال موجود ہے۔اس حصہ کی تدریس تعاملی انداز پر ہوگی اور مکمل جسمانی تعامل یعنی TPI (Total Physical Interaction) پر مبنی ہوگی۔اس طرز پر پڑھانے سے طلبہ سیکھنے کے عمل میں بہتر طور پر مشغول رہتے ہیں اور عربی زبان کے استعمال کو بہتر طور پر سیکھتے ہیں۔

حصہ سوم: اس حصہ میں اسلامی تعلیمات پر مشتمل آسان اسباق ہیں، ہر سبق میں عقائد، دعا، حدیث، اخلاق اور سیرت کے ایسے مضامین منتخب کیے گئے ہیں جو سمجھنے کے اعتبار سے آسان ہوں اور طلبہ کی روزانہ کی زندگی سے متعلق ہوں۔روزانہ پڑھی جانے والی سورتوں، منتخب دعاؤں اور اذکار کو زبانی یاد کرنا بھی اس حصہ میں شامل ہے۔

کورس کی ترتیب و تنظیم :

1. اس کورس کو بہتر انداز میں مکمل کرنے کے لیے ہفتہ بھر میں کم از کم چار تدریسی گھنٹے (پیریڈ) مطلوب ہیں۔
2. بہتر یہ ہے کہ انڈراسٹینڈ قرآن اکیڈمی کی جانب سے سند یافتہ ٹیچر یہ کورس پڑھائے، ٹیچر ٹریننگ کی سند کے تعلق سے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔
3. یہ کورس اسمارٹ کلاس روم میں پریزینٹیشن اور ویڈیو کی مدد سے بھی پڑھایا جاسکتا ہے۔
4. یہ کورس ٹیکسٹ بک، ورک بک، پریزینٹیشن، ویڈیوز، پوسٹرز، فلیش کارڈز، گیمس اور ٹیچر گائڈ پر مشتمل ہے۔
5. سیکھنے کے عمل کو بڑھانے اور طلبہ کو مشغول رکھنے کے لیے قرآن لیب کی سرگرمیاں (activities) اس نصاب کا حصہ ہیں۔
6. مزید تفصیلات کے لیے ویب سائٹ سے رجوع کیا جائے: www.understandquran.com/teacher_resources.html

سالانہ شیڈول کا نمونہ: (4 پیریڈ/ہر ہفتہ - مجموعی طور پر 120 پیریڈ)

یہ تفصیل اس وقت ہے جب اس کورس کے لیے تیس ہفتے (4 پیریڈ/ہر ہفتہ) مخصوص کیے جائیں۔یہاں سالانہ شیڈول کا ایک نمونہ دیا جارہا ہے:

حصہ اول: آؤ قرآن سمجھیں آسان طریقے سے- حصہ اول: نماز کے ذریعے (30 اسباق –ہر سبق کے لیے 2 پیریڈ)	مجموعی پیریڈ: 60 پیریڈ
حصہ دوم: بنیادی عربی گرامر اور عربی بول چال میں 20 اسباق ہیں۔(ہر سبق کے لیے 2 پیریڈ، 4 پیریڈ اعادہ کے)	مجموعی پیریڈ: 44 پیریڈ
حصہ سوم: اسلامیات (8 اسباق –ہر سبق کے لیے 2 پیریڈ)	مجموعی پیریڈ: 16 پیریڈ